# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Dated : 28 August 2026**
**Time : 07:40 PM**

**آداب**

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل قادری
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔۔ وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں کو مالی اعتبار سے بااختیار بنانے میں جن دھن یوجنا کے رول کو کیا اُجاگر // اسکیم کے 12 برس مکمل ۔

✓ ۲ ۔۔۔۔۔ نیپال اور تبت میں آئے سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر ہوگئی / / 469 لاپتہ افراد کو ڈھونڈ نکالنے کی کوششیں تیز ۔

✓ ۳ ۔۔۔۔۔ آج جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے رکھشا بندھن کا تہوار // سالانہ شری امرناتھ جی یاترا اختتام پذیر۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔۔ جموں وکشمیر میں سال 2035 تک پن بجلی پیداوار میں تین گنا اضافہ کرنے کیلئے جامعہ اور معیاد بند نقشِ راہ تیار۔

## نریندر مودی

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جن دھن یوجنا نے پچھلے **12** برسوں کے دوران بڑے پیمانے پر سماج میں مثبت تبدیلیاں لائیں اور اس کی بدولت خاص طور سے سماج کے پچھڑے طبقوں کو مالی اعتبار سے با اختیار بنانے میں مدد ملی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ پردھان منتری جن دھن یوجنا کے تحت اب تک **59** کروڑ بینک کھاتے کھولے گئے ہیں۔ جن میں **3** لاکھ **17** ہزار کروڑ روپے کی رقم جمع کی جا چکی ہے۔ واضح رہے دنیا کی سب سے بڑی یہ مالی شمولیاتی اسکیم وزیراعظم نریندر مودی نے **2014** میں آج ہی کے دن شروع کی تھی، جس کا مقصد ملک کے تمام شہریوں کو بینکنگ سہولیات کے دائرے میں لانا ہے۔

## وزیراعظم دورہ

وزیراعظم نریندر مودی کل سے ازبکستان کا **2** روزہ دورہ کر رہے ہیں۔ وزیراعظم ازبکستان کے صدر **Shavkat Mirziyoyev** کی دعوت پر تاشقند کا دورہ کر رہے ہیں۔ دورے کے دوران وزیراعظم وہاں کی قیادت کے ساتھ دوطرفہ رشتوں اور شراکت داری کو مستحکم کرنے کیلئے وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔ واضح رہے نریندر مودی نے اس سے پہلے **2015.2016** اور **2022** میں ازبکستان کا دورہ کیا تھا۔

## نیپال

نیپال۔ تبت میں اچانک آئے تباہ کن سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد **469** تک پہنچ گئی ہے اور ابھی بھی سرحد کے دونوں اطراف ڈیڑھ ہزار سے زیادہ لوگ لاپتہ ہیں۔ بچاؤ ٹیمیں لاپتہ افراد کو ڈھونڈ نکالنے کیلئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ متاثرہ ضلعوں میں کافی تعداد میں لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ دریں اثناء چین کے جنوبی مغربی **Sichuan** صوبے میں آج **5** اعشاریہ ایک شدت والا زلزلہ محسوس کیا گیا، جس سے نیپال میں تازہ سیلاب کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ نیپال پولیس نے کئی علاقوں میں لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں۔ بھارت نے بھی نیپال میں ایک بڑا اور ریسکیو آپریشن شروع کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ نیپال میں ابھی بھی **290** بھارتی شہریوں کے ساتھ رابطہ نہیں ہو پا رہا ہے اور ان کا پتا لگانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔
وزیراعظم نریندر مودی نے نیپال کے اپنے ہم منصب بلیند رشاہ کے ساتھ بات کی اور انہیں بھارت کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

## رکھشا بندھن

آج رکھشا بندھن کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار بہن بھائیوں کے درمیان خصوصی اور قریبی رشتے کا عکاس ہے جس دوران بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر راکھی باندھ کر ان کی خوشحالی، ترقی اور صحت وسلامتی کیلئے دعا کرتی ہیں۔ بھائی اپنی بہنوں کو تحائف پیش کر کے ان کی حفاظت اور حمایت کیلئے ہمیشہ ساتھ رہنے کا عہد دہراتے ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا کے سپیکر اوم برلا اور کئی دیگر اہم شخصیات نے رکھشا بندھن کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ رکھشا بندھن صدیوں سے ملک کے گوناگوں روحانی اور ثقافتی ورثے کا ایک لازم ملزوم حصہ ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار ہم سب کیلئے امن، ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رکھشا بندھن کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔مبارکبادی کے اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے تمنا ظاہر کی ہے کہ یہ تہوار تمام طبقوں کے مابین آپسی بھائی چارے اور امن واخوت کا پیغام لیکر آئے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، کابینہ وزیر ستیش شرما، جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین اور دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی رکھشا بندھن کے موقعے پر ہندو برادری کو مبارکباد دی ہے۔ایک ادیب اور شاعر ڈاکٹر حسرت حسین نے بھی لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔اس تہوار کے موقعے پر وادی کی پنڈت برادری میں خاصا جوش وخروش دیکھا جارہا ہے۔

## یاترا

**3** جولائی کو شروع ہوئی شری امرناتھ جی یاترا **57** روز تک پہلگام اور بال تل کے راستوں سے جاری رہنے کے بعد آج اختتام پذیر ہوئی۔اس برس **4** لاکھ **80** ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا پر حاضری دے کر شیولنگم کے درشن کئے۔اننت ناگ سے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ چھڑی مبارک کو آج مہنت دیپیندر گری کی قیادت میں پنجترنی سے پوتر گپھا پہنچایا گیا جہاں خصوصی پرارتھنا کا انعقاد کیا گیا۔چھڑی مبارک کی روایتی تقریب کے ساتھ ہی اس برس کی سالانہ شری امرناتھ جی یاترا اختتام پذیر ہوئی۔ بعد میں مہنت دیپیندر گری نے اس سال کی یاترا نیز آکاشوانی سرینگر کے رول کے حوالے سے آکاشوانی کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

----**Byte**----

اُدھر پونچھ ضلع میں **12** روز پر مشتمل بابا بڈھا امرناتھ یاترا بھی آج اختتام پذیر ہوئی۔

**میلاد**

عید میلاد النبی ﷺ کے بعد کے جمعہ کی مناسبت سے آج وادی کے خانقاہوں، زیارتگاہوں، مساجد اور بقعہ جات میں دینی مجالس کا انعقاد ہوا۔ سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہوئی، جہاں عقیدت مند آج نماز پنجگانہ پر موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔

-----Byte-----

نماز جمعہ سے قبل ائمہ حضرات نے ولادت باسعادت اور سیرت النبی ﷺ کے کئی گوشوں کو بیان کیا۔ اسی طرح کی روح پرور تقاریب جناب صاحب صورہ، آثار شریف شہری کلاشپورہ، پنجورہ شوپیان، مکہامہ بیروہ، کھرم سرہامہ، کعبہ مرگ اور وادی کے دیگر مذہبی مقامات پر بھی منعقد ہوئیں، جہاں کافی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔ جمعیت ہمدانیہ کے صدر مولانا ریاض احمد ہمدانی نے آج آثار شریف شہری کلاشپورہ میں وعظ فرماتے ہوئے سیرت النبی ﷺ کے گوشوں کو اُجاگر کیا۔ مختلف مقامات پر میلاد جلوس بھی برآمد ہوئے۔ پلوامہ سے ہمارے نمائندے میر نذیر نے خبر دی ہے کہ پلوامہ کی جامع مسجد سے بھی آج ایک بڑا میلاد جلوس برآمد ہوا، جس میں بڑی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔

**فاروق عبداللہ**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق نے آج آثار شریف درگاہ حضرت بل میں حاضری دی اور نماز جمعہ ادا کی۔ اس موقعے پر انہوں نے لوگوں کی فلاح و بہبود اور عالمی انسانیت کی بقا کیلئے دعا کی۔

**ایل جی**

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے یقین دہانی کرائی ہے کہ کشتواڑ ضلعے کے چھاترو علاقے میں پیش آئے دلدوز واقعے کی کرائم برانچ کے ذریعے تحقیقات کرائی جائے گی جس میں ایک معصوم طالبہ جاں بحق ہوگئی تھی۔ ان باتوں کا اظہار ایل جی نے یہ یقین دہانی سینئر کانگریس لیڈر جی ایم سروری سے ٹیلی فون پر بات کرنے کے دوران دی۔

جی ایم سروری نے ایل جی کو اس واقعہ کی نسبت جانکاری دیتے ہوئے متاثرہ کنبے اور مقامی لوگوں میں پائے جارہے غم و غصے کے بارے میں بتایا۔ ایل جی نے کہا کہ اس معاملے کی صاف وشفاف تحقیقات کیلئے ضروری اقدام کئے جارہے ہیں۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں ۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن News on AIR، WAVES

او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں ۔

اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے ۔

GONG

**چیف سیکریٹری**

حکومت نے سال **2035** تک جموں وکشمیر میں پن بجلی پیداوار میں تین گنا اضافہ کرنے میں جامع اور معیاد بند نقش راہ تیار کیا ہے ۔

سرینگر میں آج چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران بتایا گیا کہ اس وقت یوٹی میں تین ہزار **540** میگاواٹ پن بجلی تیار کی جاتی ہے جو آئندہ **9** برسوں کے دوران لگ بھگ **11** ہزار میگاواٹ تک پہنچائی جائے گی ۔ چیف سیکریٹری نے تمام پن بجلی پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل پر زور دیا تاکہ بجلی کے منظر نامے کو وسعت مل سکے ۔

**تبادلہ**

جموں کشمیر پولیس میں **14** سینئر افسروں کا تبادلہ عمل میں لایا گیا ہے ۔ محکمہ داخلہ کی طرف سے جاری کئے گئے ایک حکمنامے کے مطابق سینئر آئی پی ایس آفیسر سجیت کمار کشمیر زون کے نئے آئی جی پی مقرر کئے گئے ہیں جنہوں نے کل ہی اپنی نئی ذمہ داری سنبھال لی ۔

اسی دوران آئی جی پی کشمیر سجیت کمار نے آج درگاہ حضرتبل اور کئی دیگر علاقوں کا دورہ کر کے سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زونل پولیس لوگوں کی راحت رسانی کیلئے ہمیشہ پیش پیش رہے گی ۔

-----**Byte**----

## پولیس

پولیس نے عوام کے ساتھ رابطے کو مستحکم کرنے کیلئے بارہمولہ ضلع میں 30 مقامات پر تھانہ دیوس اور پی سی پی جی میٹنگوں کا انعقاد کیا۔ اس موقعے پر پولیس افسروں نے مقامی لوگوں کے ساتھ بات چیت کی اور مختلف معاملات پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔

## فلم فیسٹیول

محکمہ اطلاعات نے جموں کشمیر میں اگلے مہینے منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں باصلاحیت فنکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے 9 زمروں میں نقد انعامات دئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ اس کی رو سے بہترین فلم کو 25 لاکھ روپے بہترین ہدایتکاری کیلئے 15 لاکھ روپے اور جموں کشمیر میں تیار کی گئی بہترین فلم کیلئے 10 لاکھ روپے کا نقد انعام رکھا گیا ہے۔

اسی طرح سے مرد اور خواتین کے زمروں میں بہترین اداکاری کیلئے 8 آٹھ لاکھ روپے نقد انعام دیئے جائیں گے۔ اسی دوران اس فلم فیسٹیول کیلئے 5 رکنی جیوری کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ یہ فیسٹیول 7 سے 10 ستمبر تک سرینگر، جموں اور گلمرگ میں منعقد کیا جائے گا۔ فیسٹول میں 41 مما لک کی شرکت کے ساتھ مجموعی طور پر 135 فلمیں سکرین کی جائیں گی۔

## من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی 30 اگست اتوار کو من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس پروگرام کا 137 واں شمارہ ہوگا۔ صبح 11 بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر ہونے کے بعد فوراً بعد اس پروگرام کا علاقائی ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔

## عرس

پکھرپورہ بڈگام میں آج حضرت سلطان سید محمد علی عالی بلخی رحمۃ اللہ علیہ کا عرس عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ وہاں کل رات عقیدت مندرات بھر ختمات المعظمات اور درود و اذکار کی مجلس میں محو رہے۔ ہمارے بڈگام کے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی ہے کہ آج کافی تعداد میں لوگوں نے زیارتگاہ پر حاضری دی اور لوگوں کی خوشحالی کیلئے دعائیں مانگی۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18.3** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **34.6** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.8** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **2** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **1** منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔